# پیس بانڈ (امن کی ضمانت) کا حصول - ایک گائیڈ



یہ گائیڈ برٹش کولمبیا کے ہر اس شخص کیلئے ہے جسے اپنی حفاظت کا خوف ہے اور عدالت کے حکم کے توسط سے چاہتا ہے کہ اسے کسی مخصوص شخص یا لوگوں سے تحفظ فراہم کیا جائے۔

Rise
WOMEN'S LEGAL CENTRE

JANUARY 2023 EDITION [URDU]

سیفٹی الرٹ: آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ جب آپ پیس بانڈ کیلئے درخواست دے رہے ہوں گے تو آپ کے تحفظ کیلئے کوئی قانونی حکم نہیں ہوگا۔ اس عمل میں کافی وقت لگ سکتا ہے۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ جس شخص کے خلاف آپ پیس بانڈ کی درخواست دے رہے ہیں وہ آپ کی درخواست کا نوٹس ملنے کے بعد آپ کو نقصان پہنچا سکتا ہے یا دھمکی دے سکتا ہے اور اس سے پہلے کہ کوئی جج آپ کی درخواست کی سماعت کرے، آپ کو اپنی حفاظت کیلئے منصوبہ بندی کرلینی چاہئے۔ اپنے علاقے میں خدمات کے بارے میں جاننے کے لیے، VICTIMLINK BC کو 1-800-563-0808 پر کال کریں۔ یہ ٹول فری، رازدارانہ، کثیر لسانی سروس دن کے 24 گھنٹے، ہفتے کے 7 دن دستیاب ہے۔

اگر کبھی کوئی ہنگامی حالت ہو تو آپ کو 911 پر کال کرنی چاہئے۔

نوٹ: یہ گائیڈ صرف پیس بانڈز کے متعلق ہے جو ضابطہ فوجداری کے سیکشن 810 کے تحت آرڈر کئے گئے ہیں۔ یہ کامن لاء پیس بانڈز یا فیملی لاء پروٹیکشن آرڈرز سے نہیں نمٹتا۔

اس دستاویز میں کوئی قانونی مشورہ نہیں ہے۔ اگر آپ یا آپ کے کسی عزیز کو قانونی مشورہ درکار ہے، تو براہ کرم کسی وکیل سے مشورہ کریں۔




## فہرست مضامین


میں پیس بانڈ کب حاصل کر سکتا ہوں؟................................ 3
پیس بانڈ کیا کرتا ہے؟ ............................................ 4
پیس بانڈ کب تک چلتا ہے؟ ....................................... 5
پیس بانڈ حاصل کرنے کے لیے مجھے کیا ثابت کرنا ہوگا؟................ 5
پولیس کی مدد سے پیس بانڈ حاصل کرنا............................... 6
میں پیس بانڈ کیسے حاصل کر سکتا ہوں؟ ............................. 6
پولیس کی مدد کے بغیر پیس بانڈ حاصل کرنا........................... 8
پیس بانڈ کے بارے میں کچھ عام غلط فہمیاں کیا ہیں؟ .................. 9
پیس بانڈز اور فیملی لا پروٹیکشن کا موازنہ ............................. 10
اکثر پوچھے جانے والے سوالات...................................... 11



تحریر : یونا لی(Youna Lee) اور ہیلی ہریمک (Haley Hrymak)

تصاویر: انا س یمینچینکو (Anna Semenchenko) | ڈیزائن: نادین ریحنبی (Nadene Rehnby)



اس منصوبے کی مالی اعانت کینیڈا کے جسٹس ڈپارٹمنٹ نے کی ہے۔

Ministère de la Justice Canada — Department of Justice Canada

Rise WOMEN'S LEGAL CENTRE

**یہ گائیڈ برٹش کولمبیا میں ہر اس شخص کیلئے ہے جو اپنی حفاظت کے بارے میں خوفزدہ ہے** اور کسی مخصوص شخص یا لوگوں سے تحفظ فراہم کرنے کاعدالتی حکم مانگتا ہے۔ پیس بانڈ آپ کیلئے بہترین آپشن ہو سکتا ہے اگر آپ جس شخص سے تحفظ حاصل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں وہ فیملی لاء ایکٹ میں "فیملی ممبر" کی تعریف میں نہیں آتا ہے۔ اگر آپ جس شخص سے تحفظ حاصل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں وہ کوئی ایسا شخص ہے جو آپ کے خیال میں "فیملی ممبر" کی تعریف میں آتا ہے تو آپ اس کے بجائے فیملی لاء پروٹیکشن آرڈر حاصل کر سکتے ہیں۔

## میں پیس بانڈ کب حاصل کر سکتا ہوں؟

آپ ان دونوں صورتوں میں سے کسی ایک میں پیس بانڈ کے لئے درخواست کر سکتے ہیں:

- حفاظت کیلئے: آپ کو ڈر ہے کہ کوئی آپ کو، آپ کے بچے، آپ کی شریک حیات یا کامن لاء پارٹنر، یا آپ کی جائیداد (بشمول پالتو جانور) کو "جسمانی نقصان" پہنچا سکتا ہے۔
- آن لائن انتقام کا خوف: آپ کو ڈر ہے کہ کوئی آپ کی جنسی طور پر مباشرت کے عکس (بشمول تصاویر یا ویڈیوز) کو شئر یا شائع کرے گا۔

پیس بانڈز موجودہ یا ماضی سمیت کسی ساتھی سے بھی تحفظ فراہم کر سکتے ہیں، اس سے قطع نظر کہ اس شخص کے ساتھ اب آپ کا رشتہ کیا ہے۔



> کوئی بھی پیس بانڈ حاصل کر سکتا ہے اگر اسے ڈر ہو کہ کوئی ان کو، ان کے بچے، ان کی شریک حیات یا کامن لاء پارٹنر، یا ان کی جائیداد (بشمول پالتو جانور) کو "جسمانی نقصان" پہنچا سکتا ہے۔

# پیس بانڈ کیا کرتا ہے؟

ضابطہ فوجداری کے سیکشن 810 کے تحت، پیس بانڈ ایک عدالتی حکم ہے جس میں اس شخص سے مطالبہ کیا جاتا ہے جس سے آپ ڈرتے ہیں، کہ وہ "امن برقرار رکھنے" اور پیس بانڈ میں ان پر رکھی گئی دوسری شرائط پر عمل کریں۔ پیس بانڈ "تسلیم" کی ایک قسم ہے، جس کا مطلب ہے کہ اس شخص کو اپنے اچھے برتاؤ کی ضمانت کیلئے نقد رقم بھی گروی رکھنی پڑیگی۔ اگر وہ پیس بانڈ میں شرائط کی خلاف ورزی کرتے ہیں یا توڑتے ہیں، تو انہیں عدالت میں گروی رکھی رقم ادا کرنی پڑ سکتی ہے۔

عدالت اس شخص کو یہ حکم بھی دے سکتی ہے کہ:

- آپ سے، آپ کی شریک حیات، یا آپ کے بچے سے رابطہ نہ کریں۔
- آپ کی رہائش یا ملازمت کی جگہ پر نہ آئیں؛
- آپ کو فون نہ کرے؛
- آپ کو متنی پیغامات یا خطوط نہ بھیجیں؛
- منشیات یا الکحل کا استعمال نہ کریں؛
- اپنے پاس ہتھیار نہ رکھیں؛ یا
- کسی بھی دوسری شرط پر عمل کریں جو عدالت آپ کو نقصان سے بچانے کیلئے ضروری سمجھتی ہے۔

اس بارے میں سوچیں کہ کون سی شرائط یا ضوابط آپ کو محفوظ محسوس کرنے میں مدد کریں گی۔ یہ شرائط ان لوگوں کو بتائیں جو پیس بانڈ کی درخواست میں آپ کی مدد کر رہے ہیں، جیسے کہ معاون کارکن، متاثرہ خدمات کا کارکن، پولیس افسر، یا کراؤن کونسل۔ شرائط کو واضح طور پر لکھا جانا چاہئے تاکہ یہ جاننا آسان ہو کہ آیا وہ شخص ان کی پیروی کر رہا ہے۔



پیس بانڈ ایک عدالتی حکم ہے جس میں اس شخص سے مطالبہ کیا جاتا ہے جس سے آپ ڈرتے ہیں کہ وہ "امن برقرار رکھنے" اور پیس بانڈ میں ان پر رکھی گئی کسی بھی دوسری شرائط پر عمل کریں۔

پیس بانڈ مجرمانہ فعل (یا جرم) سے مختلف ہے۔ مجرمانہ الزامات کے برعکس، پیس بانڈ روک تھام کیلئے ہے۔ اس کا حکم اس وقت دیا جا سکتا ہے جب کسی شخص کے جرم کا امکان ظاہر ہو، لیکن یہ یقین کرنے کی کوئی معقول بنیاد نہ ہو کہ جرم سرزد ہو چکا ہے۔ چونکہ کوئی جرم سرزد نہیں ہوا ہے، اس لئے پیس بانڈ مجرمانہ سزا کا باعث نہیں بنتے اور نہ ہی سزا تصور نہیں ہوتے۔ ایک شخص جو پیس بانڈ کی پابندی کرتا ہے اس کا مجرمانہ ریکارڈ نہیں بنیگا۔

تاہم، اگر کوئی شخص اپنے پیس بانڈ کی شرائط کی خلاف ورزی کرتا ہے (یا توڑتا ہے)، تو اس پر عدالتی حکم کی خلاف ورزی کے مجرمانہ جرم کا الزام لگایا جا سکتا ہے۔ اگر وہ اس جرم کے مرتکب پائے جاتے ہیں، تو انہیں جرمانہ یا پروبیشن پر رکھا جا سکتا ہے۔ بعض صورتوں میں انہیں جیل کی سزا بھی ہو سکتی ہے۔

پیس بانڈ کا آرڈر زیادہ سے زیادہ 12 ماہ کیلئے دیا جا سکتا ہے، اور اس کے بعد آپ ایک نئے آرڈر کیلئے درخواست دے سکتے ہیں۔



اگر کوئی شخص پیس بانڈ کی خلاف ورزی کرتا ہے، تو آپ پولیس سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ پیس بانڈز کینیڈا میں کہیں بھی نافذ العمل ہوسکتے ہیں۔ اگر آپ کسی دوسرے صوبے میں منتقل ہوتے ہیں، تو آپ اپنا پیس بانڈ اپنی مقامی پولیس ایجنسی کے پاس لے جا کر انہیں ایک کاپی فراہم کر سکتے ہیں۔

## پیس بانڈ کب تک چلتا ہے؟

ایک پیس بانڈ جو ضابطہ فوجداری کی دفعہ 810 کے تحت دیا جاتا ہے زیادہ سے زیادہ 12 ماہ کیلئے آرڈر کیا جا سکتا ہے۔ سیکشن 810 امن بانڈ کی تجدید نہیں کی جا سکتی، لیکن آپ نئے آرڈر کیلئے درخواست دے سکتے ہیں۔

## پیس بانڈ حاصل کرنے کیلئے مجھے کیا ثابت کرنا ہوگا؟

پیس بانڈ حاصل کرنے کیلئے، عدالت کو مطمئن ہونا چاہئے کہ امکانات کے توازن پر آپ کو آپ کی شریک حیات، آپ کے بچوں یا آپ کی املاک کو نقصان پہنچنے کا معقول خدشہ ہے۔ صرف یہ کہنا کافی نہیں ہے کہ آپ ذاتی طور پر خوفزدہ ہیں۔ عدالت کو معلوم ہونا چاہیے کہ ایسی صورت حال میں ایک معقول شخص بھی خوفزدہ ہو گا۔

امکانات کے توازن پر اپنے نقصان کے خوف کو ثابت کرنے کا مطلب یہ ہے کہ عدالت کو اس نقصان کا جس سے آپ کو ڈر لگتا، اندازہ لگانا چاہئے کہ "نہ ہونے سے ہونے کا امکان زیادہ ہے"۔ یہ مجرمانہ جرائم کیلئے استعمال ہونے والے ثبوت سے کم معیار ہے۔ ایک مجرمانہ مقدمے میں، ایک سزا "مناسب شک سے بالاتر" ثبوت پر مبنی ہوتی ہے۔

# میں پیس بانڈ کیسے حاصل کرسکتا ہوں؟

برٹش کولمبیا میں، ہمارا مشورہ ہے کہ آپ سب سے پہلے پولیس کی مدد سے پیس بانڈ حاصل کرنے کی کوشش کریں۔



## پولیس کی مدد سے پیس بانڈ حاصل کرنا


پولیس سے رابطہ کریں اور انہیں بتائیں کہ آپ اس شخص کے خلاف پیس بانڈ چاہتے ہیں جو آپ کو خوفزدہ کر رہا ہے۔ اپنے خوف کی وضاحت کریں اور وہ تمام ثبوت فراہم کریں جو آپ نے جمع کئے ہیں۔ ان ثبوتوں میں ٹیکسٹ میسجز، ای میلز، وائس میلز، تصاویر وغیرہ شامل ہو سکتے ہیں۔ جب آپ پولیس کے پاس جائیں تو آپ اپنی مدد کیلئے کسی دوست یا وکیل کو اپنے ساتھ لائیں۔

اپنا بیان دیں۔ پولیس آپ کا انٹرویو کرے گی اور آپ کو اس بارے میں تفصیلی نوٹ، یا بیان لینا چاہئے کہ آپ کیوں ڈرتے ہیں۔ اگر پولیس آپ کے کیس کو آگے بڑھانے کیلئے تیار ہے، تو دوسرے شخص کو بھی بالآخر پولیس نوٹس اور آپ کے بیان کی ایک کاپی ملے گی۔ اس کے بعد پولیس صورتحال کی تحقیقات کر سکتی ہے۔ اس میں کسی بھی گواہ سے رابطہ کرنا، مجرمانہ ریکارڈ کی جانچ کرنا، یا اس شخص کا انٹرویو کرنا شامل ہو سکتا ہے جس سے آپ ڈرتے ہیں۔

اگر پولیس فیصلہ کرتی ہے کہ آپ کے خوف معقول ہیں، تو وہ کراؤن کونسل کیلئے ایک رپورٹ تیار کریں گے، صوبائی حکومت کی طرف سے مقدمات کی کاروائی کیلئے ایک وکیل متعین کیا جائیگا۔ پولیس رپورٹ میں ان کی تفتیش کے دوران جمع کی گئی تمام معلومات شامل ہوں گی اور تجویز کردہ شرائط کی فہرست کے ساتھ پیس بانڈ کی درخواست کی سفارش کی جائے گی۔ اگر پولیس یہ فیصلہ کرتی ہے کہ تفتیش سے ان جرائم کے بارے میں معلومات سامنے آئیں جو سرزد ہوئے ہیں، تو وہ کراؤن کو سفارش کر سکتے ہیں کہ مجرمانہ الزامات عائد کیے جائیں۔ کراؤن کونسل اس بات کا تعین کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے کہ پیس بانڈ کیلئے آپ کی درخواست کا کیا ہوگا اور آپ کی درخواست کو آگے بڑھنے سے روکنے کیلئے مداخلت کر سکتا ہے۔ کینیڈا کےکچھ علاقوں میں لوگ کراؤن کی مداخلت کے بغیر پیس بانڈ کیلئے درخواست دے سکتے ہیں، لیکن برٹش کولمبیا میں یہ معمول کاطریقہ کار نہیں ہے۔

اگر سرکار اس بات سے اتفاق کرتی ہے کہ ایک پیس بانڈ ضروری ہے، تو کیس کی سماعت طے کی جائے گی۔ کیس کی سماعت مدعا علیہ کے بغیر ہوتی ہے۔ اس وقت سرکاری وکیل عدالت کو ثبوتوں کی وضاحت کریں گے۔ اگر جج مطمئن ہے کہ فراہم کردہ معلومات پیس بانڈ کے امتحان پر پوری اترتی ہیں، تو جج دوسرے شخص کو مطلع کرنے اور عدالت کی دوسری تاریخ مقرر کرنے پر راضی ہو جائے گا۔عدالت کے دوسرے

> اگر پولیس فیصلہ کرتی ہے کہ آپ کے خوف معقول ہیں، تو وہ کراؤن کونسل، ایک وکیل جو صوبائی حکومت کی طرف سے مقدمات کی پیروی کیلئے تعینات ہوتا ہے، کیلئے ایک رپورٹ تیار کریں گے۔



شخص کو مطلع کرنے کے دو طریقے ہیں: ایک سمن یا گرفتاری کا وارنٹ۔ دونوں صورتوں میں، اس شخص کو عدالت میں پیش ہونا پڑے گا۔ اگر عدالت شواہد سے مطمئن نہ ہوئی تو معاملہ آگے نہیں بڑھے گا۔

معاملے کی سماعت میں، عدالت مستقبل کی تاریخ مقرر کر سکتی ہے جس کی سماعت ایک جج کرے گا۔ یہ تاریخ کچھ دنوں سے لے کر مستقبل میں کئی مہینوں تک کی ہو سکتی ہے۔ تاہم پیس بانڈ کی درخواست کیلئے مقرر کی گئی تاریخ کا مطلب یہ نہیں ہے کہ اسی تاریخ پر سب کچھ ختم ہو جائے گا۔ یہ ممکن ہے کہ آپ کے کیس کی طے شدہ تاریخ کو کچھ بھی نہ ہو۔ مثال کے طور پر، جس شخص سے آپ ڈرتے ہیں وہ وکیل سے مشورہ لینے کیلئے مزید وقت مانگ سکتا ہے۔ اگر ایسا ہوتا ہے تو، عدالت ممکنہ طور پر اس درخواست کو منظور کرے گی اور مستقبل کی تاریخ کیلئے معاملے کو دوبارہ سماعت کیلئے مقرر کرے گی۔ آپ کو سرکاری وکیل سے پوچھنا چاہیئے کہ عدالت کی اگلی تاریخ کی تیاری کیسے کی جائے۔

جب ایک جج پیس بانڈ کی درخواست کی سماعت کرتا ہے تو اس کے دو ممکنہ نتائج ہوتے ہیں:

- وہ شخص پیس بانڈ اور اس میں پیش کردہ شرائط پر رضامند ہو سکتا ہے۔ اگر ایسا ہوا تو جج کے سامنے کوئی ثبوت پیش نہیں کیا جائے گا۔
- ہو سکتا ہے کہ وہ شخص پیس بانڈ سے اتفاق نہ کرے، ایسی صورت میں سرکاری وکیل جج کو ثبوت پیش کرکے کیس آگے بڑھانے کا فیصلہ کر سکتا ہے۔ اس صورت میں سرکاری وکیل عام طور پر آپ سے کہے گا کہ جج کو حلفیہ بیان دیں (گواہی دیں) اور آپ کے پاس موجود شواہد یا دستاویزات یا دیگر ثبوت فراہم کریں۔ جج فیصلہ کرے گا کہ آیا، امکانات کے توازن پر، آپ کے پاس دوسرے شخص سے ڈرنے کی معقول بنیادیں ہیں۔ اگر جج کو لگتا ہے کہ آپ کا خوف معقول ہے تو وہ پیس بانڈ کا حکم دے گا۔ اگر جج آپ کے خوف کو معقول نہیں سمجھتے ہیں، تو وہ پیس بانڈ کی درخواست کو مسترد کر دیں گے۔

اگر جج پیس بانڈ کا حکم دیتا ہے، تو آپ کورٹ رجسٹری سے اسکی کاپی حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر وہ شخص پیس بانڈ کے شرائط توڑتا ہے تو پیس بانڈ کی کاپی رکھنے سے آپ کیلئے پولیس سے مدد لینا آسان ہو جائے گا۔

**سمن** عدالت میں پیش ہونے کا ایک حکم ہے جو بذریعہ ڈاک یا ایک پولیس افسر کے ذریعے ذاتی طور پر پہنچایا جا سکتا ہے۔ سمن کی دستاویز اس شخص کو ایک مخصوص تاریخ اور وقت پر عدالت میں حاضر ہونے کا حکم دیتی ہے۔

اگر عدالت کے علم میں آئے کہ وہ شخص اپنے آپ کو یا دوسروں کیلئے خطرے کا باعث ہے یا اس کے سماعت میں حاضر ہونے کا امکان نہیں ہے تو اسکی **گرفتاری کا وارنٹ** جاری کیا جاتا ہے۔ گرفتاری کا وارنٹ پولیس کو اس شخص کو گرفتار کرنے اور ضمانت کی سماعت کیلئے عدالت میں لانے کی اجازت دیتا ہے۔ اس سماعت میں، عدالت فیصلہ کرے گی کہ آیا اس شخص کو پیس بانڈ کی سماعت ہونے تک جیل میں رہنا چاہیئے یا اس شخص کو شرائط پر رہا کرنا چاہیئے۔ اگر اس شخص کو مجرمانہ الزامات کا سامنا نہیں ہے تو اس بات کا امکان نہیں کہ وہ پیس بانڈ کی سماعت کیلئے جیل میں رہے۔



**پیس بانڈ کی کاپی رکھنے سے آپ کیلئے پولیس سے مدد لینا آسان ہو جائے گا اگر وہ شخص پیس بانڈ کے شرائط توڑتا ہے۔**

# پولیس کی مدد کے بغیر پیس بانڈ حاصل کرنا

اگر پولیس آپ کے پیس بانڈ میں آپ کی مدد کرنے کو تیار نہیں ہے، تو آپ کے پاس پیس بانڈ حاصل کرنے کی کوشش کرنے کا دوسرا آپشن موجود ہے۔ آپ عدالت جا کر عدالتی رجسٹری سے پیس بانڈ کیلئے درست فارم مکمل کرنے میں مدد کی درخواست کر سکتے ہیں۔ اگرچہ یہ قانونی طور پر ممکن ہے مگر آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ برٹش کولمبیا میں پولیس کی مدد کے بغیر پیس بانڈ حاصل کرنا مشکل ہو سکتا ہے۔ اگرچہ درست طریقہ کار کا س بات پر انحصار ہو سکتا ہے کہ آپ برٹش کولمبیا کے کس خطے میں ہیں، عموما کورٹ رجسٹری کا عملہ سرکاری وکیل سے رابطہ کرے گا جو اس کے بعد مزید تفتیش کیلئے معاملہ پولیس کو واپس بھیج دے گا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر آپ خود بھی پیس بانڈ کی درخواست دینے کی کوشش کر رہے ہیں، تب بھی پولیس کے ملوث ہونے کا امکان ہے اور سرکاری وکیل آپ کے کیس کے بارے میں اہم فیصلے کرے گا۔ تاہم، اگر پولیس آپ کی درخواست کو سنجیدگی سے لینے میں ناکام رہی ہے، تو براہ راست کورٹ رجسٹری سے رجوع کرنے سے آپ کو سرکار کو اپنے کیس کا جائزہ لینے کا موقع مل سکتا ہے تاکہ وہ پولیس کو درخواست کرے۔

اگر آپ کورٹ رجسٹری سے رجوع کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں، تو آپ یہ دیکھنے کیلئے وقت سے پہلے کال کرنا چاہیں گے کہ آیا ان کے پاس کوئی اضافی معلومات ہیں جو آپ کو کورٹ ہاؤس جانے سے پہلے معلوم ہونی چاہئیں۔

> پولیس کی مدد کے بغیر پیس بانڈ مشکل ہوسکتا ہے، لیکن اگر پولیس آپ کی درخواست کو سنجیدگی سے لینے میں ناکام رہتی ہے تو یہ ایک آپشن ہوسکتا ہے۔

عدالت جاتے وقت اپنے ساتھ فوٹو والی شناختی دستاویز ساتھ لائیں کیونکہ کاغذی کاروائی مکمل کرنے پر آپ کو اس کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ اگر ممکن ہو تو، وہ ثبوت بھی لائیں جس سے ظاہر ہو کہ آپ اس شخص سے کیوں ڈرتے ہیں۔

ان شواہد میں ٹیکسٹ پیغامات، ای میلز، وائس میلز، تصاویر وغیرہ شامل ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ کی درخواست آگے بڑھتی ہے، تو آپ کو بالآخر یہ معلومات اس شخص کو دینے ہونگے جس کے خلاف آپ پیس بانڈ کی درخواست دے رہے ہیں۔

اگر آپ کو پیس بانڈ کیلئے درخواست دینے میں مدد کی ضرورت ہے، تو آپ اپنی مدد کیلئے کسی وکیل کی خدمات حاصل کر سکتے ہیں یا درج ذیل مفت وسائل میں سے کسی ایک سے مدد مانگ سکتے ہیں:

- کورٹ ہاؤس میں ڈیوٹی پر موجود وکیل (عدالت میں جا کر ڈیوٹی وکیل سے بات کرنے کو کہیں)
- رائز ویمنز لیگل سینٹر womenslegalcentre.ca پر آن لائن
- لاء اسٹوڈنٹس کا قانونی مشورہ پروگرام — آن لائن lslap.bc.ca پر

اگر آپ اپنے طور پر پیس بانڈ حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں، تو معاملہ اوپر بیان کئے گئے اقدامات کی طرح آگے بڑھے گا۔ اگر آپ کا کیس آگے بڑھتا ہے، تو کراؤن کا وکیل مداخلت کر سکتا ہے اور اس بارے میں فیصلے کر سکتا ہے کہ آپ کا کیس کیسے آگے بڑھنا چاہیے۔ مثال کے طور پر، آپ جس شخص سے ڈرتے ہیں وہ رضاکارانہ طور پر آپ سے کچھ عرصے تک رابطہ نہ کرنے پر رضامند ہو جاتا ہے تو کراؤن کونسل پیس بانڈ کیلئے درخواست میں تاخیر یا ڈراپ کرنے کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔ اگر پولیس کی تفتیش سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ جرم سرزد ہوا ہے تو کراؤن سفارش کر سکتا ہے کہ پیس بانڈ کی درخواست کو آگے بڑھانے کے بجائے جرم سرزد ہونے کے الزامات لگائے جائیں۔

## پیس بانڈز کے بارے میں کچھ عام غلط فہمیاں کیا ہیں؟

**غلط فہمی 1۔** کسی شخص کے خلاف پیس بانڈ اسی وقت موثر ہیں جب وہ آپ کو نقصان پہنچا چکے ہوں۔

کسی ایسے شخص کے خلاف پیس بانڈ کیلئے جس سے آپ کو نقصان پہنچنےخطرہ ہو، درخواست دینے کیلئے آپ کے خلاف جرم سرزد ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ پیس بانڈ کا مقصد مستقبل میں کسی کو آپ کو نقصان پہنچانے سے روکنا ہے۔ آپ کو یہ ثابت کرنے کی ضرورت نہیں ہے کہ آپ کو پہلے ہی نقصان پہنچ چکا ہے، حالانکہ اگر نقصان پہلے ہی واقع ہو چکا ہے، تو وہ یہ بتانے میں کار آمد ہو سکتا ہے کہ آپ کو اس کے دوبارہ ہونے کا ڈر کیوں ہے۔

**غلط فہمی 2۔** پیس بانڈ صرف اس وقت کارآمد ہوتے ہیں جب کوئی شخص آپ کو جسمانی طور پر نقصان پہنچاتا ہو۔ انہیں جذباتی نقصان سے نمٹنے کیلئے استعمال نہیں کیا جا سکتا۔

پیس بانڈ کیلئے جسمانی چوٹ ضروری نہیں ہے۔ پیس بانڈ آپ کو جسمانی اور نفسیاتی دونوں چوٹوں سے بچا سکتے ہیں۔ ضابطہ فوجداری میں، پیس بانڈز آپ کو "ذاتی چوٹ" سے بچانے کیلئے دستیاب ہیں، بجائے صرف "جسمانی نقصان"۔ ذاتی چوٹ جسمانی نقصان سے زیادہ وسیع زمرہ ہے۔ عدالتوں نے ذاتی چوٹ کی تشریح کی ہے کہ ہراساں کرنے اور دھمکیاں دینے کے نتیجے میں "نفسیاتی چوٹیں" بھی شامل ہوں۔ پیس بانڈ کیلئے درخواست دینے کیلئے ضروری نہیں کہ آپ کو چوٹ لگی ہو، لگ رہی ہو یا لگ جانے کا اندیشہ ہو۔

**غلط فہمی 3۔** پیس بانڈ صرف آپ کے شریک حیات کے خلاف تحفظ کیلئے ہیں۔

کسی کے خلاف بھی پیس بانڈ کا حکم دیا جا سکتا ہے۔ برٹش کولمبیا میں خاندانی قانون کے تحفظ کے احکامات کے برعکس، جو صرف لوگوں کو ان کے شریک حیات یا خاندان کے دیگر افراد سے تحفظ فراہم کرتے ہیں، آپ اپنے سابق ساتھی، پڑوسی، یا کسی اور کے خلاف پیس بانڈ کی درخواست کرسکتے ہیں جو آپ کو خوفزدہ کر رہا ہو۔

کسی ایسے شخص کے خلاف جس سے آپ کو نقصان پہنچنے کا خطرہ ہو، پیس بانڈ کیلئے درخواست دینے کیلئے یہ ضروری نہیں ہے کہ جرم سرزد ہوا ہو۔



**غلط فہمی 4۔** اپنے شریک حیات کے خلاف پیس بانڈ کیلئے درخواست دینے سے پہلے، آپ کو فیملی لاء پروٹیکشن آرڈر حاصل کرنا چاہئے۔

اگر آپ خاندان کے کسی رکن (بشمول شریک حیات) سے تحفظ حاصل کر رہے ہیں، تو آپ یہ کر سکتے ہیں:

- فوجداری عدالت سے پیس بانڈ کی درخواست؛
- فیملی کورٹ میں فیملی لاء پروٹیکشن آرڈر کی درخواست کریں۔

اور\ یا

- دونوں قسم کے آرڈرز کی درخواست کریں۔

کوئی ایک "صحیح" راستہ نہیں ہے۔ اگرچہ پیس بانڈز اور پروٹیکشن آرڈرز دونوں کے اپنے اپنے فائدے اور نقصانات ہیں، آپ کوئی ایک یا دونوں قسم کے آرڈرز حاصل کر سکتے ہیں۔ پیس بانڈ کیلئے درخواست دینے سے پہلے آپ کو فیملی لاء پروٹیکشن آرڈر حاصل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ تاہم، آپ کو پیس بانڈ کیلئے درخواست کے مقابلے میں فیملی لاء پروٹیکشن آرڈر کی درخواست پر زیادہ کنٹرول حاصل ہوگا، کیونکہ فیملی لاء پروٹیکشن آرڈر کیلئے آپ کو جج سے بات کرنے سے پہلے پولیس اور کراؤن کونسل کے ساتھ کام کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

# پیس بانڈز اور خاندانی قانون کے تحفظ کا موازنہ

| سیکشن 810 پیس بانڈز | تحفظ کے احکامات |
|---|---|
| فوجداری عدالت میں کی گئی۔ | فیملی کورٹ میں کی گئی درخواست۔ |
| دوسرے فریق کو پیس بانڈ کیلئے آپ کی درخواست کے بارے میں مطلع کرنے سے پہلے جج کو اطمینان کرنا پڑے گا کہ پیس بانڈ کے لیے معقول بنیادیں موجود ہیں۔<br>پیس بانڈ کی درخواست ذاتی طور پر اور دوسرے شخص کی موجودگی میں ہونی چاہیے۔<br>پیس بانڈ کی درخواست دینے اور پیس بانڈ کی درخواست کی سماعت کے درمیانی عرصے میں آپ کی حفاظت کیلئے کوئی حکم موجود نہیں ہوگا۔ | بعض صورتوں میں، سماعت کرنے والا جج آپ کی درخواست کی سماعت کیلئے "ایکس پارٹے" تیار ہو سکتا ہے (یعنی دوسرے شخص کی عدالت میں غیر موجود گی میں)۔ اگر وہ شخص بعد میں تحفظ کے حکم کو چیلنج کرتا ہے، تو دونوں فریقین کو عدالت میں حاضر ہونا پڑ سکتا ہے۔)<br>آپ کو تحفظ کا حکم دوسرے فریق کو آپکی عدالت میں پیشی کا معلوم ہوئے بغیر بھی مل سکتا ہے۔ |
| کسی کے خلاف بھی بن سکتا ہے۔ | درخواست گزار کے شریک حیات یا سابقہ شریک حیات، وہ شخص جس کے ساتھ درخواست گزار رہ رہا ہے یا شادی جیسے رشتے میں رہ رہا ہے، درخواست گزار کے بچے کے والدین یا سرپرست، درخواست دہندہ کے بچے، اور درخواست گزار کے دوسرے رشتہ دار جو اس کے ساتھ رہتے ہیں، کے خلاف دیا جا سکتا ہے۔ |
| امتحان یہ ہے کہ معقول بنیادوں پر خوف موجود ہو کہ کوئی شخص درخواست دہندہ، ان کے قریبی ساتھی، ان کے بچے، یا ان کی جائیداد (بشمول پالتو جانور) کو جسمانی چوٹ (بشمول نفسیاتی چوٹ) کا سبب بنے گا۔ | جانچنے کا طریقہ یہ ہے کہ آیا خاندانی تشدد ہونے کا امکان ہے(جیسا کہ برٹش کولمبیا کے فیملی لاء ایکٹ میں بیان کیا گیا ہے)۔ |
| ثبوت کا معیار امکانات کا توازن ہے۔ | ثبوت کا معیار امکانات کا توازن ہے۔ |
| زیادہ سے زیادہ مدت ایک سال۔ | ایک سال کی " طے شدہ" مدت کیلئے، لیکن طویل یا کم ہو سکتی ہے۔ |
| کینیڈا میں کہیں بھی لاگو کیا جا سکتا ہے۔ | صرف برٹش کولمبیا میں نافذالعمل ہو سکتا ہے۔ |
| خلاف ورزیوں پر پولیس ضابطہ فوجداری کی دفعہ 811 کے تحت کارروائی کرتی ہے۔ | خلاف ورزیوں پر پولیس ضابطہ فوجداری کی دفعہ 127 کے تحت کارروائی کرتی ہے۔ |




# اکثر پوچھے گئے سوالات

## کسی کے خلاف پیس بانڈ کا حکم دئے جانے کے بعد کیا میں اس شخص سے مل سکتا ہوں یا اس سے رابطہ کر سکتا ہوں ؟

پیس بانڈ کے آرڈر کے بعد پابند شخص کو آرڈر میں درج تمام شرائط پر عمل کرنا چاہئے۔ عام طور پر، ان شرائط میں اسکی آپ سے رابطہ نہ کرنے کی اصطلاح بھی شامل ہو گی - اگر ایسا ہے تو، اگر وہ شخص آپ سے رابطہ کرتا ہے، تو اس پر عدالتی حکم کی خلاف ورزی کا مجرمانہ الزام لگایا جا سکتا ہے۔

عام طور پر، اگر آپ نے کسی کے خلاف پیس بانڈ کیلئے درخواست دی ہے، تو آپ اس کے نتیجے میں حکم کے پابند نہیں ہوں گے، اور آپ پر کسی بھی خلاف ورزی کا الزام نہیں لگایا جا سکتا۔ اگر آپ پیس بانڈ کا حکم دینے کے بعد دوسرے شخص کو آپ سے ملنے کیلئے کہتے ہیں، تو ان پر حکم کی خلاف ورزی کا الزام عائد کیا جا سکتا ہے اور آپ پر الزام عائد نہیں کیا جا سکتا۔

تاہم، اگر آپ دوسرے شخص سے رضاکارانہ طور پر رابطہ کر رہے ہیں، تو یہ عدالت اور پولیس کے لیے ایک اشارہ ہو سکتا ہے کہ آپ حقیقتاً خوفزدہ نہیں ہیں۔ اس سے مستقبل میں دوسرا پیس بانڈ حاصل کرنا مزید مشکل ہو سکتا ہے یا مستقبل میں اس معاملے کو زیادہ سنجیدگی سے نہیں لیا جا سکتا ہے۔ اگر آپ نے پیس بانڈ کی درخواست کی ہے، تو آپ کو دوسرے شخص کو شرائط کی خلاف ورزی کیلئے مدعو نہ کرنے کیلئے تیار رہنا چاہیے۔



> اگر وہ شخص آپ سے رابطہ کرتا ہے تو اس پر حکم کی خلاف ورزی کا مجرمانہ الزام لگایا جا سکتا ہے۔

اگر آپ نے "باہمی" پیس بانڈ پر دستخط کئے ہیں تو صورتحال مختلف ہے۔ بعض اوقات، جس شخص سے آپ تحفظ چاہتے ہیں وہ عدالت کو بتائے گا کہ انہیں بھی آپ سے حفاظت کی ضرورت ہے۔ یا وہ پیس بانڈ پر دستخط کرنے سے انکار کر سکتے ہیں جب تک کہ آپ بھی دستخط نہ کریں۔ ان حالات میں، عدالت باہمی پیس بانڈ جاری کر سکتی ہے، جس کا مطلب ہے کہ آپ کو بھی پیس بانڈ کی شرائط پر عمل کرنا ہوگا۔ قانونی مشورہ لئے بغیر باہمی پیس بانڈ پر دستخط نہ کریں۔ اگر آپ نے باہمی پیس بانڈ پر دستخط کئے ہیں تو اس صورت میں اگر آپ کوئی بھی شرط توڑتے ہیں تو آپ پر الزام عائد کیا جا سکتا ہے، اور جس شخص سے آپ تحفظ چاہتے ہیں وہ آپ کے باہمی پیس بانڈ کی شرائط کو توڑنے کیلئے آپ کو پھنسانے کی کوشش کر سکتا ہے۔

## اگر میں صوبہ یا ملک چھوڑ دوں تو کیا ہوگا ؟

پیس بانڈ پورے کینیڈا میں نافذ العمل ہیں، مگر کینیڈا سے باہر نہیں۔ تاہم، آپ کو پھر بھی پولیس سے رابطہ کرنا چاہئے اگر اس شخص نے کینیڈا سے باہر رہتے ہوئے آپ سے رابطہ کر کے اپنے پیس بانڈ کی خلاف ورزی کی ہے۔ پولیس آپ کو بتا سکتی ہے کہ اگر وہ شخص کینیڈا واپس آجائے تو آپ کو کیا کرنا چاہئے۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ پیس بانڈ کی ایک کاپی ہمیشہ اپنے پاس رکھیں تاکہ اگر وہ شخص پیس بانڈ کی خلاف ورزی کرتا ہے تو آپ اسے پولیس کو دکھا سکیں۔

## اگر میں نے جس شخص کے خلاف پیس بانڈ کی درخواست دی ہے وہ پیس بانڈ میں رابطہ نہ کرنے کی شرط کے باوجود میرے گھر پر آتا ہے توکیا ہوگا ؟

911 پر کال کریں اور پولیس کو اپنے پیس بانڈ کی کاپی دکھائیں۔

## کیا میں اپنا پیس بانڈ تبدیل یا منسوخ کر سکتا ہوں؟

ہاں، لیکن آپ یہ خود نہیں کر سکتے کیونکہ پیس بانڈ ایک عدالتی حکم ہے۔ یا تو آپ یا دوسرا شخص عدالت میں درخواست دے سکتا ہے کہ وہ جج سے پیس بانڈ کی شرائط تبدیل کرنے کو کہے۔ اگر آپ پیس بانڈ کی شرائط کو تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو پولیس یا کورٹ رجسٹری سے رابطہ کریں۔



آپ نے جس شخص کے خلاف پیس بانڈ کی درخواست کی ہے اگر وہ رابطہ نہ کرنے کی شرط کے باوجود آپ کے گھر پر آتا ہے، تو 911 پر کال کریں۔ پولیس کو اپنی پیس بانڈ کی کاپی دکھائیں۔

## کیا میں اپنے امن بانڈ کی تجدید کر سکتا ہوں؟

آپ پیس بانڈ کی تجدید نہیں کر سکتے، لہٰذا اگر آپ ایک سال سے زیادہ عرصے تک تحفظ چاہتے ہیں تو آپ کو بالکل نئے پیس بانڈ کیلئے درخواست دینا ہوگی۔ تاہم اگر آپ کے پرانے پیس بانڈ کی میعاد ختم ہو جائےتو آپ کو ایک نئے پیس بانڈ کیلئے درخواست دینے کی اجازت ہے۔

## کیا مجھے عدالت جانا پڑے گا؟

ممکنہ طور پر آپ کو پیس بانڈ حاصل کرنے کیلئے عدالت جانا پڑے گا۔ یہ ممکن ہے کہ جس شخص سے آپ ڈرتے ہیں وہ پیس بانڈ پر راضی ہو جائے، جس کا مطلب یہ ہوگا کہ جج کو آپ کی شہادت سننے کی ضرورت نہیں ہے۔ تاہم، اگر وہ شخص پیس بانڈ پر راضی نہیں ہوتا ہے، تو آپ کو عدالت میں حاضر ہونے اور گواہی دینے کی ضرورت ہوگی۔ وہ شخص بھی گواہی دے سکتا ہے لیکن یہ ضروری نہیں ہے۔

اگر آپ پولیس کی مدد کے بغیر پیس بانڈ کیلئے درخواست دیتے ہیں، یا اگر پولیس آپ کے پیس بانڈ کی درخواست کو آگے بڑھانے سے انکار کرتی ہے، تو آپ کو پیس بانڈ کی درخواست شروع کرنے کیلئے عدالت کی رجسٹری میں جانا پڑے گا۔ اس لئے، چاہے آپ کو پولیس سے مدد ملے یا نہ ملے، آپ کو پیس بانڈ کی درخواست کے دوران کسی موقع پر عدالت جانا پڑے گا۔

## اس میں کتنا وقت لگیگا ؟

پیس بانڈ اس وقت نافذ ہو گا جب اس کا حکم دیا جائے گا یہ اس وقت سے نافذ نہیں ہوگا جب آپ اس کی درخواست کرتے ہیں۔ پیس بانڈ کیلئے درخواست دینے کے عمل کے دوران آپ کو تحفظ حاصل نہیں ہوگا۔ درخواست کے عمل کی رہنمائی پولیس اور کراؤن کے وکیل ان کی تفتیش مکمل کرنے کی ٹائم لائن کے لحاظ سے کرتے ہیں۔ پولیس کی تحقیقات اور کراؤن کے وکیل کو ان کی رپورٹوں میں کافی وقت لگ سکتا ہے، اس لئے پیس بانڈز کی درخواستیں ہنگامی حالات کیلئے موزوں حل نہیں ہو سکتیں۔ اگر آپ خطرے میں ہیں، تو آپ کو حفاظتی منصوبہ بندی کرنے کی ضرورت ہے۔ ہم تسلیم کرتے ہیں کہ آپ ایک طویل عرصے سے اپنے آپ کو محفوظ رکھنے کیلئے ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں۔ VictimLink BC سے 1-800-563-0808 پر رابطہ کریں یہ دیکھنے کیلئے کہ آیا کوئی ایسی چیز ہے جس میں وہ مدد کر سکتے ہیں۔

پولیس کی تحقیقات اور کراؤن کونسل کو ان کی رپورٹس میں کافی وقت لگ سکتا ہے، اس لئے پیس بانڈز کی درخواست ہنگامی حالات کیلئے موزوں حل نہیں ہو سکتی۔ اگر آپ خطرے میں ہیں، تو آپ کو اپنی حفاظت کی منصوبہ بندی کی ضرورت ہے۔



## کون میری مدد کر سکتا ہے؟

آپ پیس بانڈ میں مدد طلب کرنے کیلئے اپنی مقامی پولیس یا RCMP سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ آپ کمیونٹی میں متاثرین کی خدمات کے کارکن سے پولیس سے رابطہ کرنے میں اپنی مدد کیلئے کہہ سکتے ہیں۔

## کیا میں گمنام رہ سکونگا؟ کیا میں جو معلومات میں دونگا وہ خفیہ ہو نگیں؟

نہیں، اگر پولیس اور سرکار آپ کی طرف سے امن بانڈ کی درخواست آگے بڑھانے کا فیصلہ کرتے ہیں، تو دوسرے شخص کو آپ کی فراہم کردہ معلومات موصول ہوں گی کیونکہ انہیں اپنے خلاف کیس جاننے کا حق ہے۔ یہاں تک کہ اگر پولیس اور سرکار کے وکیل آگے نہ بڑھنے کا فیصلہ کرتے ہیں، تو بھی دوسرے شخص کو ممکنہ طور پر پتہ چل جائے گا کہ ان کے خلاف تفتیش کی جا رہی ہے۔ آپ کو اس حقیقت کیلئے تیار رہنا چاہیے کہ دوسرے شخص کو معلوم ہو جائیگا کہ آپ نے پیس بانڈ مانگا ہے۔ اپنی حفاظت کی مکمل منصوبہ بندی کو یقینی بنائیں۔


اس کے علاوہ، کینیڈا کی عدالتیں عام طور پر عوام کیلئے کھلی ہوتی ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ ریکارڈ یا فیصلے عوامی طور پر قابل رسائی ہوسکتے ہیں، اور یہاں تک کہ پریس کوریج بھی ہوسکتی ہے جب تک کہ اشاعت پر پابندی کا حکم نہ دیا جائے۔

## کیا مجھے پولیس سے رابطہ کرنا ہوگا؟

پیس بانڈ حاصل کرنے کی اپنی کوشش کے دوران آپ کو یقینی طور پر کسی نہ کسی موقع پر پولیس سے بات کرنے کی ضرورت ہوگی، خواہ آپ براہ راست عدالت سے رجوع کرنے کی کوشش ہی کیوں نہ کریں کیونکہ ایک بار جب سرکار کے وکیل کو آپ کے کیس کے بارے میں مطلع کیا جائے گا، وہ ممکنہ طور پر اسے تحقیقات کیلئے واپس پولیس کو بھیج دیں گے۔

اگر کوئی پیس بانڈ کی خلاف ورزی کرتا ہے، تو آپ کو حکم کو نافذ کرنے کیلئے پولیس کو کال کرنے کی ضرورت ہوگی۔ یہ خاندانی قانون کے تحفظ کے حکم کی خلاف ورزی کرنے پر بھی لاگو ہوتا ہے۔

## کیا پیس بانڈ حاصل کرنے کے اور طریقے بھی ہیں؟




جی ہاں۔ یہ عام ہے کہ مجرمانہ الزامات کے ایک ملزم کو پلی بارگیننگ کے بدلے میں پیس بانڈ پر راضی ہونے پر چھوڑ دیا جاتا ہے۔ ملزم سے کہا جا سکتا ہے کہ وہ اپنے کیس کو حل کرنے کیلئے سیکشن 810 پیس بانڈ یا عام قانون کے پیس بانڈ پر راضی ہو۔


عام قانون کے تحت پیس بانڈ کا حکم بھی دیا جا سکتا ہے۔ کامن لاء پیس بانڈز سیکشن 810 کے تحت پیس بانڈز سے مختلف قانونی ٹسٹ رکھتے ہیں اور قانون کے مختلف ذرائع سے اخذ ہوتے ہیں۔ عام قانون کے پیس بانڈز ایک سال کی لازمی مدت کے تابع نہیں ہیں۔ چونکہ برٹش کولمبیا میں یہ پیس بانڈز عام طور پر عام لوگوں کیلئے قابل رسائی نہیں ہیں، اس لئے ہم نے یہاں کامن لاء پیس بانڈز کے بارے میں مزید معلومات فراہم نہیں کیں۔

Rise Women’s Legal Centre

کی وساطت سے تیار کردہ عوامی معلوماتی گائیڈز اکثر متعدد زبانوں میں شائع ہوتے ہیں۔

اس دستاویز کے دستیاب ترجمے دیکھنے کیلئے یہاں ملاحظہ کریں۔


womenslegalcentre.ca/seeking-a-peace-bond



HOW DO I CHOOSE A FAMILY LAWYER?

This guide was created to help people find a family lawyer who can help them with their family law matter. It covers lawyers who are funded by Legal Aid BC as well as private lawyers.

Rise WOMEN'S LEGAL CENTRE



COMMENT CHOISIR UN AVOCAT SPÉCIALISÉ EN DROIT DE LA FAMILLE?

Ce guide vise à aider les personnes aux prises avec une affaire de droit de la famille à trouver un avocat spécialisé dans ce domaine pour les aider. Le guide comprend les avocats rémunérés par la Legal Aid BC ainsi que les avocats de pratique privée.


Rise WOMEN'S LEGAL CENTRE



我如何选择家庭法律师?

本指南旨在帮助人们找到可以帮助他们处理家庭法事务的家庭法律师。其内容涵盖了由Legal Aid BC资助的律师以及私人律师。

Rise WOMEN'S LEGAL CENTRE



¿CÓMO PUEDO ELEGIR A UN/A ABOGADO/A DE FAMILIA?

Esta guía ha sido creada para ayudar a las personas a encontrar un/a abogado/a de familia que pueda asistirlos con el derecho familiar. Cubre tanto a los abogados financiados por Legal Aid BC, como a los abogados privados.

Rise WOMEN'S LEGAL CENTRE



ਮੈਂ ਫੈਮਿਲੀ ਲਾਅ ਦੇ ਵਕੀਲ ਦੀ ਚੋਣ ਕਿਵੇਂ ਕਰਨੀ ਹੈ?

ਇਹ ਗਾਈਡ ਉਨ੍ਹਾਂ ਲੋਕਾਂ ਲਈ ਫੈਮਿਲੀ ਲਾਅ ਦਾ ਵਕੀਲ ਲੱਭਣ ਵਿਚ ਮਦਦ ਕਰਨ ਲਈ ਤਿਆਰ ਕੀਤੀ ਗਈ ਸੀ ਜਿਹੜਾ ਉਨ੍ਹਾਂ ਦੇ ਫੈਮਿਲੀ ਲਾਅ ਦੇ ਮਾਮਲੇ ਵਿਚ ਉਨ੍ਹਾਂ ਦੀ ਮਦਦ ਕਰ ਸਕਦਾ ਹੈ। ਇਹ ਗਾਈਡ ਲੀਗਲ ਏਡ ਬੀ ਸੀ ਦੇ ਫੰਡਾਂ ਵਾਲੇ ਵਕੀਲਾਂ ਨੂੰ ਕਵਰ ਕਰਨ ਦੇ ਨਾਲ ਨਾਲ ਪ੍ਰਾਈਵੇਟ ਵਕੀਲਾਂ ਨੂੰ ਵੀ ਕਵਰ ਕਰਦੀ ਹੈ।

Rise WOMEN'S LEGAL CENTRE

Rise Women’s Legal Centre ایک کمیونٹی قانونی مرکز ہے جو قابل رسائی قانونی خدمات
تخلیق کرنے کی کوشش کرتا ہے جو خود شناس خواتین کی منفرد ضروریات کی پکار پر لبیک کہیں،
خاص طور پر وہ جو تشدد، بدسلوکی، اور غیر مساوی طاقت کی حرکیات سے بچ گئی ہیں۔

رائز کے بارے میں مزید معلومات یہاں ملاحظہ کریں۔ womenslegalcentre.ca

Rise Women's Legal Center احترام کے ساتھ تسلیم کرتا ہے کہ ہمارا کام
Skwxwu7mesh (Squamish)، Tsleil-Waututh (Burrard)، اور
xʷməθkʷəy̓əm (Musqueam) اقوام کے روایتی، آبائی،
اور غیر تسلیم شدہ آبائی علاقوں پر ہوتا ہے۔

جنوری 2023